Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

جلد 14 | منگل، 11 جولائی 2023ء 22 ذوالحجہ 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 79

سوشل سیکورٹی ہسپتالوں کی ایمرجنسی میں عوام کے مفت علاج کی منظوری، گھریلو ملازمین بھی مفت علاج کرا سکیں گے

نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس

سوشل سیکورٹی ہسپتالوں میں گھریلو ملازمین اور عوام کے مفت علاج سے متعلق اہم فیصلے

سوشل سیکورٹی ہسپتالوں میں گھریلو ملازمین کے علاج کے اخراجات حکومت پنجاب ادا کریگی، پیسی کو 200 ملین روپے گرانٹ دینے کا فیصلہ

سوشل سیکورٹی ہسپتالوں کے مریضوں کو ڈیجیٹل کارڈ جاری کئے جائیں گے، صوبائی وزراء ڈاکٹر جاوید اکرم، عامر میر، منصور قادر، سیکرٹریز صحت، خزانہ، لیبر، اطلاعات، کمشنر پیسی اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت وزیراعلیٰ آفس میں منعقدہ اجلاس میں سوشل سیکورٹی ہسپتالوں میں گھریلو ملازمین اور عوام کے مفت علاج سے متعلق اہم فیصلے کئے گئے اور سوشل سیکورٹی ہسپتالوں کی ایمرجنسی میں عوام کے مفت علاج کی منظوری دی گئی جبکہ گھریلو ملازمین کے سوشل سیکورٹی ہسپتالوں میں مفت علاج کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ سوشل سیکورٹی ہسپتالوں میں گھریلو ملازمین کے علاج کے اخراجات حکومت پنجاب ادا کرے گی جبکہ گھریلو ملازمین ہیلتھ کارڈ پر بھی علاج کرا سکیں گے۔ ہیلتھ کارڈ کی مقررہ حد سے زیادہ اخراجات کی صورت میں ادائیگی حکومت پنجاب کرے گی۔ اجلاس میں گھریلو ملازمین کے علاج کو یقینی بنانے کے لئے پنجاب ایمپلائز سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن کو 200 ملین روپے کی گرانٹ دینے کا فیصلہ کیا۔ نگران وزیراعلیٰ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جمال ناصر ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں گھریلو ملازمین کے علاج کو یقینی بنانے کے لئے پنجاب سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن کو 200 ملین روپے کی (بقیہ نمبر 1)

محسن نقوی کی ہدایت پر سوشل سیکورٹی ہسپتالوں کے مریضوں کو ڈیجیٹل کارڈ جاری کئے جائیں گے۔ صوبائی وزراء ڈاکٹر جاوید اکرم، عامر میر، منصور قادر، سیکرٹریز صحت، خزانہ، لیبر، اطلاعات، کمشنر پیسی اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی

آج ہماری جیت ہوئی ہے حقائق قوم کے سامنے آئے ہیں

پی ٹی آئی کی سابق حکومت نے پانچ سال کوئی کام نہیں کیا، صرف سیاسی مخالفین پر جھوٹے کیسز بنائے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) سلیمان شہباز کا کہنا ہے کہ منی لانڈرنگ کیس 2018 سے شروع ہوا، اس دوران ڈیلی میل کا کیس بھی سامنے آیا، یہ جھوٹ کا پلندہ 5 سال پہلے تیار کیا گیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم کے بیٹے سلیمان شہباز نے منی لانڈرنگ کیس میں (بقیہ نمبر 4)

جب گورنر تھا تو عمران خان کی پالیسیوں سے متفق نہیں تھا

میں عثمان بزدار کی گورننس سے بھی خوش نہیں تھا، سمجھتا ہوں کہ پارٹیوں میں جمہوریت کو لے کر آنا چاہیے، سابق گورنر

اسلام آباد (نامہ نگار) سابق گورنر چوہدری سرور کا کہنا ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ پارٹیوں میں جمہوریت کو لے کر آنا چاہیے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ میں عثمان بزدار کی گورننس سے بھی خوش نہیں تھا، جب گورنر تھا تو چیئرمین پی ٹی آئی کی پالیسیوں سے (بقیہ نمبر 3)

وطن واپسی پر جیل بھی جانا پڑا تو پروا نہیں کروں گا

نواز شریف نے قریبی ساتھیوں کو عام انتخابات کی تیاریوں اور مریم نواز کے ساتھ کھڑا ہونے کی ہدایت کر دی

لاہور (خصوصی رپورٹر) سابق وزیراعظم نواز شریف کی وطن واپسی کی حتمی تاریخ کے حوالے سے مشاورتی عمل جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق نواز شریف وطن واپسی کے سلسلے میں اپنے بااعتماد ساتھیوں سے ٹیلیفونک رابطے کر رہے ہیں۔ نواز شریف (بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد: مولانا فضل الرحمان کی وزیراعظم سے ملاقات، دینی مدارس کے مطالبات پر تحفظات سے آگاہ کر دیا

ذرائع کے مطابق گریڈ 20 کی آسامی پر بیرون ملک 8 ٹریڈ افسران جبکہ گریڈ 19 کی آسامی 23 اور گریڈ 18 کی آسامی پر 9 ٹریڈ افسران تعینات ہوں گے

1960 کے بعد پاکستان میں دوسرا سبز انقلاب لایا جا رہا ہے، شہباز شریف

گرین پاکستان انیشی ایٹو کے تحت غذائی تحفظ پر قومی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسان پاکستان کی ریڑھ کی ہڈی زراعت کے لیے شبانہ روز محنت کرتے ہیں

ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ٹریڈ افسران سڈنی، ہانگ کانگ، شنگھائی، جکارتہ، ریاض، واشنگٹن، لندن، قندھار، ٹوکیو، نئی دہلی، بنکاک، نیویارک، میڈرڈ اور جدہ سمیت دیگر مختلف سٹیشنز پر تعینات ہوں گے

آسامیوں میں اوورسیز پاکستانیز ونجی شعبے کیلئے 10 فیصد، کامرس اینڈ ٹریڈ گروپ گریڈ 20 کیلئے 40 فیصد کوٹہ مختص، کامرس اینڈ ٹریڈ گروپ گریڈ 19 کیلئے 50، گریڈ 18 کیلئے 60 فیصد کوٹہ مختص کیا گیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ دوسرا سبز انقلاب لایا جا رہا ہے۔ گرین پاکستان انیشی ایٹو کے تحت زراعت پاکستان کی ریڑھ کی ہڈی ہے، ملک میں 1960 کے بعد غذائی تحفظ پر قومی سیمینار سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد (خبر نگار) وزیراعظم شہباز شریف نے بیرون ملک 40 نئے ٹریڈ افسران کی تعیناتی کیلئے پالیسی کی منظوری دیدی۔ ذرائع کے مطابق گریڈ 20 کی آسامی پر بیرون ملک 8 ٹریڈ افسران جبکہ گریڈ 19 کی آسامی 23 اور گریڈ (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: معاشی ترقی کیلئے بحیثیت ادارہ ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہیں، آرمی چیف

سزا شی ٹولہ ملک لوٹ کر چلا گیا آج ان کا کوئی ترجمان نہیں مریم اورنگزیب

ملک سے باہر بیٹھا ٹولہ اداروں کے خلاف مہم جوئی کرتا ہے، سازشی ٹولے کی جماعت کا آج کوئی ترجمان نہیں، وفاقی وزیر

وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ کہا گیا عمران خان پر سرپرائز ڈنڈے، راکٹ لانچر مارنے کی اطلاعات ہیں، کہا گیا کسٹڈی کے اندر مار دیں گے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ فراڈ، سازشی، فتنہ، فسادی ٹولہ ملک اور عوام کو لوٹ کر چلا گیا، ملک سے باہر بیٹھا ٹولہ اداروں کے خلاف مہم جوئی کرتا ہے، سازشی ٹولے کی جماعت کا آج کوئی ترجمان نہیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے (بقیہ نمبر 14)

اکتوبر میں بھی موسم گرم ہوتا ہے، انتخابات نومبر میں ہوں تو بہتر ہو گا، خواجہ آصف

پاکستان کو سیاسی بحران میں دھکیلا گیا، ایک اناڑی کو ملک پر مسلط کر کے معیشت کا بیڑا غرق کیا گیا

سپریم کورٹ 2017 میں فوجی عدالتوں میں مقدمات چلانے کی حمایت کر چکی ہے، وزیر دفاع کا بیان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ اکتوبر میں بھی موسم گرم ہوتا ہے، انتخابات نومبر میں ہوں تو بہتر ہوگا۔ سپریم کورٹ 2017 میں فوجی عدالتوں میں مقدمات چلانے کی حمایت کر چکی ہے، عدالتی نظائر بدلتے نہیں جاتے۔ جیو نیوز کی رپورٹ کے مطابق وزیر دفاع (بقیہ نمبر 9)

محرم الحرام میں امن وامان کے قیام کے لیے راولپنڈی سے کاروان امن کا آغاز کیا گیا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایات پر محرم الحرام میں امن وامان کے قیام کے لیے راولپنڈی سے کاروان امن کا آغاز کیا گیا، پولیس افسران وجید علماء پر مشتمل کاروان امن ٹیکسلا پہنچ گیا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان، ڈی ایس پی سیکورٹی طاہر سکندر، ایس ڈی پی او ٹیکسلا اصغر چانڈیو سمیت ٹیکسلا سرکل کے ایس ایچ اوز کی شرکت، کاروان امن میں حافظ اقبال رضوی، قاضی (بقیہ نمبر 12)

آئی جی سندھ کو میرے ماتحت کریں پھر کوئی جرم ہوا تو ذمہ داری قبول کروں گا، گورنر سندھ

کراچی (خصوصی رپورٹر) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے مطالبہ کیا ہے کہ آئی جی سندھ اور ایم ڈی واٹر بورڈ کو میری کوآرڈینیشن میں دیا جائے، اگر پھر کوئی حادثہ یا سٹریٹ کرائم ہو (بقیہ نمبر 7)

منی لانڈرنگ کیس، سلیمان شہباز سمیت تمام ملزمان کو بری کر دیا گیا

ایف آئی اے نے 27 سوالات کے جوابات اسپیشل کورٹ سینٹرل میں جمع کرائے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) منی لانڈرنگ کیس، عدالت نے سلیمان شہباز سمیت تمام ملزمان کو بری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسپیشل کورٹ سینٹرل میں منی لانڈرنگ کیس میں بریت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی، جج بخت فخر بہزاد نے کیس کی سماعت کی۔ وزیراعظم کے بیٹے سلیمان (بقیہ نمبر 8)

سزا شی ٹولہ ملک لوٹ کر چلا گیا، آج ان کا کوئی ترجمان نہیں، مریم اورنگزیب

اسلام آباد: سزا شی ٹولہ ملک لوٹ کر چلا گیا، آج ان کا کوئی ترجمان نہیں، مریم اورنگزیب

گوجر خان پولیس نے قتل کے مقدمے میں نامزد ملزمان کو گرفتار کر لیا

ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا انچارج ایچ آئی یو ملک مسعود

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ گوجر خان نے قتل کے مقدمہ میں نامزد ملزمان کو گرفتار کر لیا ایس پی صدر نے کہا کہ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کو بھی گرفتار کیا جائے (بقیہ نمبر 15)

سرکاری ملازمین کی پنشنوں میں کٹوتی کے ظالمانہ اقدام کے خلاف بلدیہ واے سی آفس کے ملازمین کی جانب سے تالا بند ہڑتال کا اعلان

سرکاری ملازمین کی پنشنوں میں کٹوتی کے ظالمانہ اقدام

اقدام کے خلاف بلدیہ واے سی آفس کے ملازمین کی جانب سے تالا بند ہڑتال کا اعلان

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب کے نگران وزیراعلیٰ پنجاب کے سرکاری ملازمین کی پنشنوں میں کٹوتی کے فیصلے کے خلاف ملازمین بھر کے سرکاری ملازمین (بقیہ نمبر 16)

دیامیر چنار میں خانکی اور قادر آباد ڈیرھ لاکھ سے 2 لاکھ کیوسک پانی گزر رہا ہے، محسن نقوی

ہر 6 گھنٹے بعد محکمہ آبپاشی اور متعلقہ محکموں سے صورتحال کے حوالے سے اپ ڈیٹ حاصل کر رہے ہیں

محسن نقوی نے کہا کہ پنجاب میں سیلاب کی صورتحال کنٹرول میں ہے اور تمام دریاں میں پانی معمول کے مطابق ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے ٹویٹ میں کہا ہے کہ دریائے چناب میں اس وقت خانکی اور قادر آباد کے مقام پر ڈیڑھ لاکھ سے 2 لاکھ کیوسک پانی گزر رہا ہے اور درمیانے درجے کا سیلاب ہے تاہم پنجاب میں دیگر دریاں میں پانی کا بہاؤ نارمل ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ پنجاب میں سیلاب کی صورتحال کنٹرول میں ہے اور تمام دریاں میں پانی معمول کے مطابق ہے۔ ہم ہر 6 گھنٹے بعد محکمہ آبپاشی اور دیگر متعلقہ محکموں سے دریاں میں پانی کی صورتحال کے حوالے سے اپ ڈیٹ حاصل کر رہے ہیں۔ اور درمیانے درجے کا سیلاب ہے تاہم پنجاب میں دیگر دریاں میں پانی کا بہاؤ نارمل ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ پنجاب میں سیلاب کی صورتحال کنٹرول میں ہے اور تمام دریاں میں پانی (بقیہ نمبر 13)

شاہد خاقان و دیگر کیخلاف ایل این جی ریفرنس کا محفوظ شدہ فیصلہ پھر موخر

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) شاہد خاقان و دیگر کے خلاف ایل این جی ریفرنس کا محفوظ شدہ فیصلہ پھر موخر کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق احتساب عدالت اسلام آباد کے جج محمد بشیر نے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی سمیت دیگر کے خلاف ایل این جی ریفرنس کی ساعت کی۔ عدالت (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: سزا شی ٹولہ ملک لوٹ کر چلا گیا، آج ان کا کوئی ترجمان نہیں، مریم اورنگزیب

ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساہیوال کی نئی عمارت میں جدید کارڈیالوجی بلاک بنانے کا فیصلہ

شہر کے اندر سے گزرنے والی ساڑھے چھ کلومیٹر دورویہ جی ٹی روڈ کی تعمیر و بحالی کی جائے گی، محسن رضا نقوی

نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس، ساہیوال ڈویژن کے ترقیاتی منصوبوں پر مشاورت اور تجاویز کا جائزہ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت وزیراعلیٰ آفس میں اجلاس منعقد ہوا جس میں ساہیوال ڈویژن کے ترقیاتی منصوبوں پر مشاورت اور تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساہیوال کی نئی عمارت میں جدید کارڈیالوجی (بقیہ نمبر 18)

دہشت گردی مقدمات، شاہ محمود قریشی کی ضمانت میں 18 جولائی تک توسیع

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) عدالت نے دہشت گردی مقدمات میں شاہ محمود قریشی کی عبوری ضمانت میں 18 جولائی تک توسیع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج ابو الحسنات نے شاہ محمود قریشی کے خلاف دہشت گردی کے مقدمات کی سماعت کی۔ (بقیہ نمبر 19)

عون چوہدری کی تحریک انصاف پر پابندی لگوانے کی درخواست پر اعتراضات عائد

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) تحریک انصاف پر پابندی عائد کرنے کی درخواست پر اعتراض لگا دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق استحکام (بقیہ نمبر 20)

بھارت کے پانی چھوڑنے کے باعث پنجاب میں نچلے درجے کا سیلاب

دریاؤں میں پانی کا مجموعی بہاو 4 لاکھ 24 ہزار کیوسک اور ذخیرہ 82 لاکھ ایکڑ فٹ ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) بھارت کی جانب سے پانی چھوڑنے کے باعث چشمہ بیراج پر نچلے درجے کا سیلاب ہے، تاہم آئندہ دنوں میں دریائے سندھ کے بہاو میں کمی کا امکان ہے۔ اس وقت دریاؤں میں پانی کا مجموعی بہاو 4 لاکھ 24 ہزار کیوسک اور ذخیرہ 82 لاکھ ایکڑ فٹ ہے۔ بھارت نے بغیر اطلاع کے چشمہ بیراج پر 2 لاکھ 69 ہزار کیوسک پانی چھوڑا جس سے ہیڈ مرالہ کے مقام پر دریائے چناب میں پانی کا بہاؤ 1 لاکھ 69 ہزار (بقیہ نمبر 23)

ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ کا غیر نمونہ، فینسی نمبر پلیٹس کے خلاف کارروائی

بائیس رنگ برنگے شیشے اور فینسی نمبر پلیٹس والی گاڑیوں کی رجسٹریشن معطل کر دی گئی

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے اے ای ٹی اوز، ٹریفک پولیس کے ہمراہ گاڑیوں کو چیک کیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ کا کالے شیشوں اور غیر نمونہ/فینسی نمبر پلیٹس کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر سخت ایکشن اور کارروائی کا سلسلہ جاری ہے، بائیس رنگ برنگے شیشے اور فینسی نمبر پلیٹس والی گاڑیوں کی رجسٹریشن معطل کر دی گئی (بقیہ نمبر 30)

کینٹ کے علاقوں میں تجاوزات مافیا کا راج، مافیا کیخلاف کارروائیاں رک گئیں

ڈھوک سیداں، پیپلز کالونی، ٹینچ بھاٹہ، نیازی ٹان، بائیس نمبر مافیا نے پنجے گاڑ لئے

کینٹ بورڈ کے آفسران کی مبینہ نااہلی اور ملی بھگت کے باعث تجاوزات مافیا کا راج، انتظامیہ کی بس

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹ کے مختلف علاقوں میں تجاوزات مافیا کا راج، کینٹ انتظامیہ نے بھی دکانداروں، ریڑھی اور تھڑا مافیا کے سامنے گھٹنے ٹیک دیئے۔ ڈھوک سیداں، پیپلز کالونی، ٹینچ بھاٹہ، نیازی ٹان، بائیس نمبر، بنک روڈ، چوہڑ چوک و دیگر نواحی علاقوں میں کینٹ بورڈ کے آفسران کی مبینہ نااہلی اور ملی بھگت کے باعث تجاوزات مافیا کا راج ہے۔ دکانداروں اور کینٹ بورڈ عملہ نے تمام بازاروں میں 20 فٹ سے زائد سرکاری زمین پر کرایہ دار بٹھا رکھے (بقیہ نمبر 31)

9 مئی واقعات کے ماسٹر مائنڈ عمران ہیں، شیری رحمٰن

کسی کی تذلیل نہیں چاہتے مگر کوئی قوانین سے بالاتر نہیں ہونا چاہئے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر شیری رحمٰن نے چیئرمین پی ٹی آئی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ 9 مئی سب نے دیکھا، شواہد ثابت کرتے ہیں عمران واقعات کے ماسٹر مائنڈ ہیں، کسی کی تذلیل نہیں چاہتے مگر کوئی قوانین سے بالاتر نہیں ہونا چاہئے، عمران اپنی غلطیوں سے کچھ نہیں سیکھے، پاکستان کرکٹ گراؤنڈ ہے نہ ہی سیاست یا گورننس ٹی ٹوئنٹی گیم، عوام کو اتحاد و سیاسی سمت کی ضرورت ہے،، لوگوں کو گمراہ کرنا بند، مصیبت میں مزید اضافہ نہ کیا جائے۔ ٹوئٹر پر جاری ٹوئٹس میں پیپلز پارٹی کی رہنماء و وفاقی وزیر شیری رحمٰن نے کہا کہ عمران خان اپنی ہی پیروڈی بن چکے ہیں۔ انہوں (بقیہ نمبر 22)

عمران کے خلاف کیسز کی سماعت جوڈیشل کمپلیکس منتقل، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) عمران خان کے خلاف کیسز کی سماعت کی جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد منتقلی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ چیف کمشنر آفس سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف 8 کیسز کی ساعت جوڈیشل (بقیہ نمبر 25)

پاک آرمی اور آرمی چیف کیخلاف میڈیا مہم تشویشناک ہے، معروف قانون دان

بہاولپور (جنرل رپورٹر) معروف قانون دان وائیڈ ووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان ڈاکٹر ملک محمد حفیظ نے کہا ہے کہ پاک آرمی اور آرمی چیف کیخلاف میڈیا مہم تشویشناک ہے۔ کوئی بھی محب وطن پاک آرمی کو متنازعہ بنا کر پاکستان کے (بقیہ نمبر 28)

کھوئی رٹہ میں ایک ماہ سے سرکاری آٹا سپلائی نہ کرنے سے غریب عوام اذیت کا شکار ہو گئے

کھوئی رٹہ (نیوز رپورٹر) کھوئی رٹہ میں ایک ماہ سے سرکاری آٹا سپلائی نہ کرنے سے غریب عوام اذیت کا شکار ہو گئے اس سے قبل بھی کھوئی رٹہ کی ضرورت ایک ہزار ٹن ہے لیکن 350 ٹن (بقیہ نمبر 29)

محکمہ لوکل گورنمنٹ غیر قانونی تعمیرات سے متعلق قوانین کے نفاذ کو موثر بنائے، عامر میر

نگران حکومت میں کرپشن آسان ہے۔ ہسپتالوں میں پارکنگ کے مسائل کو پارکنگ کمپنیوں کی مدد سے حل کیا جائے

مقامی اداروں کو عوامی خدمات کی فراہمی کے لیے نگران حکومت کا مکمل تعاون حاصل رہے گا، صوبائی وزیر برائے اطلاعات و بلدیات

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) صوبائی وزیر برائے اطلاعات و بلدیات پنجاب عامر میر نے کہا ہے کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ غیر قانونی تعمیرات سے متعلق قوانین کے نفاذ کو موثر بنائے۔ عوام میں ہر گز یہ تاثر عام نہیں ہونا چاہیے کہ نگران حکومت میں کرپشن آسان ہے۔ ہسپتالوں میں پارکنگ کے مسائل (بقیہ نمبر 24)

چھریوں کے وار کر کے شہری کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم توفیق نے لین دین کے تنازعے پر بلال کو قتل کر دیا تھا، صدر واہ پولیس

سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صدر واہ پولیس کی اہم کارروائی، چھریوں کے وار کر کے شہری کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چھریوں کے وار کر کے شہری بلال کو قتل کرنے والے ملزم توفیق کو گرفتار کر لیا، ملزم توفیق نے لین دین کے تنا (بقیہ نمبر 26)

مختلف مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار

سابقہ اہلیہ پر تشدد اور حراساں کرنے کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم شہزاد کو گرفتار کر لیا

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) راول ڈویژن پولیس کی کارروائی، مختلف مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابقہ اہلیہ پر تشدد اور حراساں کرنے کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم شہزاد کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم گزشتہ سال سے رتہ امرال پولیس کو مطلوب تھا، وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے رکشہ چوری کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم ضمیر کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم سال 2020 سے (بقیہ نمبر 27)

کراچی: تمام منتخب یوسی چیئرمینز کو برابر فنڈز دیئے جائیں گے، مرتضیٰ وہاب

عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ نے پاکستان کی ریٹنگ آئی ڈی آر سے پی سی کر دی

عمران خان نے 4 سال میں ملک کی معیشت اور گورننس کو آگ لگائی اور نظام کو کھوکھلا کرنے کی سازش کی، وزیر خزانہ

وزیراعظم شہباز شریف، پوری قوم اور حکومتی اتحادی جماعتوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار کا ٹویٹ

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) عالمی رینگ ایجنسی فچ نے پاکستان کی کرنسی رینگ اپ گریڈ کر دی۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ موجودہ معاشی بحالی کی جانب یہ ایک اور مثبت خبر ہے۔ انہوں نے ٹویٹر پر اپنے ٹویٹ میں کہا کہ عالمی رینگ ایجنسی فچ نے پاکستان کی رینگ آئی ڈی آر سے ''ٹرپل سی'' کر دی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف، قوم، حکومتی اتحادی جماعتوں اور پوری معاشی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ معاشی بحالی کی جانب یہ ایک اور مثبت خبر ہے۔ پاکستان کی رینگ آئی ڈی آر سے ''ٹرپل سی'' کر دی گئی ہے۔ وزیراعظم کے رابطہ کار برائے معیشت و توانائی (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت کابینہ کی نجکاری کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد: توشہ خانہ کیس کے قابل سماعت ہونے کا تفصیلی فیصلہ جاری

تاوان کے لیے اغوا کیا گیا شخص تھانہ مندرہ نے بازیاب کروالیا

مغوی اور کارہم نے قبضے میں لیکر ملزم کو پابند سلاسل کر دیا ہے، تھانہ مندرہ پولیس

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ مندرہ نے ایک اہم کاروائی کرتے ہوئے اوکاڑہ سے تاوان کے لیے اغوا کیے گے شخص کو تھانہ مندرہ کی حدود سے بازیاب کر (بقیہ نمبر 21)

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ

ساتھ ساتھ اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے تجاوزات کے خلاف بھی کارروائی کی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے اپنے (بقیہ نمبر 10)

بینظیر کفالت کے تحت 7 67 لاکھ مستحقین میں 60 ارب روپے سے زائد کی رقم تقسیم

کفالت کے علاوہ رجسٹرڈ خاندانوں کے بچوں کو بھی بینظیر تعلیمی وظائف دیے جا رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بینظیر اکم سپورٹ پروگرام کے تحت مالی سال 2022-23 کی بینظیر کفالت کی چوتھی سہ ماہی قسط کی ادائیگی جاری ہے اور اب تک 67 لاکھ سے زائد مستحق خواتین میں 60 ارب روپے سے زائد کی رقم تقسیم کی جا چکی ہے۔ بینظیر کفالت کے تحت 90 (بقیہ نمبر 11)

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی سچی ساختہ للکار ABC

اداریہ

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

نواز شریف کی بریت کا فیصلہ جاری

احتساب عدالت لاہور نے سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ(ن) کے قائد نواز شریف کی غیر قانونی پلاٹ الاٹمنٹ ریفرنس سے بریت کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا ہے۔ عدالت نے نواز شریف اور ان کے ساتھ 27 حصے داروں کی منجمد جائیداد بحال کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ نیب پراپرٹی اپیل کا وقت ختم ہونے کے بعد اسے ریلیز کر دے۔ فیصلے کے مطابق ریکارڈ سے ظاہر ہوتا ہے کہ نواز شریف کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا گیا، اس وقت کی حکومت نے نیب حکام کو نواز شریف کا سیاسی کیریئر تباہ کرنے پر مجبور کیا، ملک کے تین بار منتخب ہونے والے وزیراعظم نواز شریف کی ساکھ کو تباہ کیا گیا۔ احتساب عدالت نے فیصلے میں مزید کہا کہ عدالت خاموش تماشائی نہیں بن سکتی، نواز شریف کو اشتہاری قرار دینے کا فیصلہ واپس لیا جاتا ہے، تعمیل کنندہ کا بیان ریکارڈ کرنے پر اشتہاری قرار دینے کی کارروائی کی قانونی حیثیت نہیں ہے۔ احتساب عدالت نے یہ بھی قرار دیا کہ ریفرنس کے الزامات میں نواز شریف کا کردار شریک ملزموں سے بھی کم ہے جبکہ عدالتی معاون نے بتایا کہ نئی نیب ترمیم کے مطابق بھی نواز شریف کے خلاف کارروائی نہیں ہو سکتی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے احتساب عدالت کے فیصلے پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو درپیش موجودہ بحرانوں کا سلسلہ وہاں سے شروع ہوتا ہے جب نواز شریف کو حکومت سے نکالنے کی سازش کر کے عمران خان کو ہر قیمت پر برسرِ اقتدار لانے کی سرتوڑ کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اِس سارے عمل میں پاکستان کو بے پناہ نقصان پہنچا، جمہوری ارتقا میں رکاوٹ آئی اور معیشت شدید متاثر ہوئی۔ وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دورِ حکومت میں چیئر مین نیب کو بلیک میل کیا جاتا رہا، چور چور کے نعرے لگا کر لوگوں کی ذہن سازی کی گئی، نیب نیازی گٹھ جوڑ کے ذریعے سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جاتا تھا، نیب پر دباؤ ڈال کر کیس میں قانونی تقاضے پورے کیے بغیر نواز شریف کے خلاف جھوٹے مقدمے بنائے گئے اور نواز شریف کو پانامہ کا بہانہ بنا کر اقامے پر نااہل کیا گیا، کیس میں کسی قسم کی کرپشن سامنے نہیں آئی۔ یاد رہے کہ نواز شریف کو 2017 میں وزارتِ عظمیٰ سے نکالا گیا اور سیاست سے دور رکھنے کی کوشش کی گئی، قانون دان اس پر تنقید کرتے رہے کہ نواز شریف کے خلاف کیے گئے فیصلے قانونی تقاضے پورے کرتے تھے اور نہ ہی مروجہ عدالتی طریقہ کار کے مطابق تھے۔ عدلیہ کے اِن فیصلوں کا سب سے زیادہ فائدہ تحریک انصاف کو ہوا تھا تاہم اِس کے اپنے بعض سینئر اور نواز شریف مخالف وکلا نے بھی اِن فیصلوں پر تنقید کی تھی۔ سینئر وکیل حامد خان نے ایک نجی ٹی وی میں گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ نواز شریف کی نااہلی کا فیصلہ عدالت کی طرف سے سنائے جانے سے پہلے ہی ہو چکا تھا، عدلیہ کو تو صرف استعمال کیا گیا۔ مسلم لیگ(ن) اور اِس کی قریبی جماعتیں قرار دیتی تھیں کہ نواز شریف کو انتقام کا نشانہ بنایا گیا، کسی قسم کی کرپشن ثابت نہیں ہوئی تو ایک اقامے کو بنیاد بنا کر بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر سزا دے دی گئی، نہ صرف تاحیات نا اہل کیا گیا بلکہ پارٹی قیادت سے بھی روک دیا گیا۔ کئی سیاسی پنڈتوں نے پیش گوئی کی تھی کہ یہ فیصلے زیادہ تر قائم نہیں رہ سکیں گے اور پھر وہی ہوا۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار کسی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب ہوئی اور مسلم لیگ(ن) نے اتحادی جماعتوں کے ساتھ مل کر حکومت بنالی۔ حکومت نے قوانین میں مطلوبہ ترامیم کر لی ہیں، نواز شریف ملک واپسی اور ملکی سیاست میں ایک بار پھر جلوہ گر ہونے کے لیے پر تول رہے ہیں۔ گزشتہ کئی دہائیوں سے ملک میں سیاست اور سیاستدانوں کو گندا کرنے کے لیے ہر حربہ استعمال کیا جاتا ہے، پولیس، ایف آئی اے اور نیب، یہاں تک کے عدلیہ کو بھی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ مطلوبہ نتائج حاصل کرنے کے لیے قانون کی پرواہ کی گئی نہ ہی آئین کو خاطر میں لایا گیا جس کے نتائج بعض اداروں کی تنزلی کی صورت میں ہمارے سامنے ہیں۔ صرف سیاسی ہی نہیں دوسری اہم شخصیات پر بھی مقدمے بنائے گئے۔ گزشتہ دورِ حکومت میں نیب کے ایک بڑے میڈیا گروپ کے مالک میر شکیل الرحمان پر ایک بے سروپا مقدمہ بنایا اور آٹھ ماہ تک انہیں پابندِ سلاسل رکھا۔ نیب نے الزام عائد کیا تھا کہ 1986 میں نواز شریف نے بطور وزیراعلیٰ پنجاب میر شکیل الرحمان کو غیر قانونی طور پر زیادہ سرکاری اراضی حاصل کرنے کی اجازت دی تھی، انہیں لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی زمین چھوٹ کی پالیسی کے تحت چار ایکڑ اراضی کے بجائے 13 ایکڑ سے زیادہ اراضی دی گئی جو غیر قانونی اور سیاسی رشوت تھی۔

شہدا کی تعداد میں اضافہ؟

ہزاروں سال کی تاریخ اور آسمانی کتابوں میں اس امر کی نشاندہی کی گئی ہے کہ جب تک انسان کی جبلت میں شر کا عنصر موجود ہے دنیا میں فساد موجود رہے گا۔ دنیا کے نقشے میں تبدیلیاں آتی رہتی ہیں قومیں نیست و نابود ہوتی رہتی ہیں شر برپا کرنے میں

ناصرہ عتیق

خفی ذہن کے بادشاہوں، سرداروں، لیڈروں کا کردار بہت زیادہ ہوتا ہے شر حاوی نہ ہوتا تو کربلا کا واقعہ نہ ہوتا، ہلاکو کی وجہ سے دنیا تباہ نہ ہوتی ہندوستان کی شرانگیزیوں کی وجہ سے پاکستان بشمول بنگلہ دیش، سری لنکا، افغانستان، نیپال، چین و دیگر ممالک میں انتشار پیدا نہ ہوتا رہتا۔ پاکستان بننے کے بعد ہندوستان کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ فسادی فضا جاری رکھی جائے اور امن تباہ کیا جائے، انہی کاوشوں کی وجہ سے مغربی پاکستان علیحدہ ہوا۔ اب موجودہ پاکستان کو بے سکون کرنے کے کسی موقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتا۔ 1947 میں پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد قائداعظم اور لیاقت علی خاں کے بعد سیاسی لیڈروں نے ملک کو تباہی کے دھانے پر پہنچایا اور 1958 میں گیارہ سال بعد فوج نے پاکستان کی باگ ڈور سنبھالی اور مبینہ طور پر عملاً اب تک فوجی حکومت جاری ہے اور 90 فیصد ملکی فیصلے فوجی قیادت ہی کرتی ہے ناقص سیاسی حکمت عملی کی وجہ سے ملک کا ایک حصہ گنوا دیا گیا، اس کے بعد بھی سیاسی استحکام نہ آ سکا جنرل ضیا نے روس سے جنگ کر کے ملک میں کلاشنکوف کلچر کی بنیاد رکھی اور پاکستان میں طالبان وجود میں آئے جس سے ملک کا سیاسی ڈھانچہ تباہ ہو گیا جنرل مشرف نے امریکہ کا پھر ساتھ دے کر ملک کے وسائل بڑھانے کے بجائے امداد و خیرات پر ملک کو گامزن کر دیا۔ پی ٹی آئی کے لیڈر عمران خان نے فوج سے مل کر افغانستان سے طالبان کے معاملات کو سیاسی طریقہ سے حل کیا جس سے دہشت گردی میں کمی آئی لیکن قیادت کی تبدیلی سے فوج کو اپنی توانائیاں عسکری مسائل کے بجائے سیاسی مسائل میں صرف کرنا پڑیں۔ انٹیلیجنس سیاستدانوں پر نظر رکھنے میں مصروف ہو گئے جس کی وجہ سے نتیجے میں شہادتوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے جو کہ قیادت کے لئے ایک لمحہ فکریہ ہے فوجی قیادت بیان کے ساتھ کہ ہمارا سیاست سے کوئی تعلق نہیں عملاً ایسا کرے اور ساری توجہ عسکری معاملات پر دے اور ملک کو بھارت کی شرانگیزیوں سے بچائیں تاکہ ملک بھی ترقی کی راہ پر گامزن ہو، جمہوری ملک ترقی کرتے ہیں۔ اب موجودہ پاکستان کو بے سکون کرنے کے کسی موقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتا۔ 1947 میں پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد قائداعظم اور لیاقت علی خاں کے بعد سیاسی لیڈروں نے ملک کو تباہی کے دھانے پر پہنچایا اور 1958 میں گیارہ سال بعد فوج نے پاکستان کی باگ ڈور سنبھالی اور مبینہ طور پر عملاً اب تک فوجی حکومت جاری ہے اور 90 فیصد ملکی فیصلے فوجی قیادت ہی کرتی ہے ناقص سیاسی حکمت عملی کی وجہ سے ملک کا ایک حصہ گنوا دیا گیا، اس کے بعد بھی سیاسی استحکام نہ آ سکا جنرل ضیا نے روس سے جنگ کر کے ملک میں کلاشنکوف کلچر کی بنیاد رکھی اور پاکستان میں طالبان وجود میں آئے جس سے ملک کا سیاسی ڈھانچہ تباہ ہو گیا جنرل مشرف نے امریکہ کا پھر ساتھ دے کر ملک کے وسائل بڑھانے کے بجائے امداد و خیرات پر ملک کو گامزن کر دیا۔ پی ٹی آئی کے لیڈر عمران خان نے افغانستان سے طالبان کے معاملات کو سیاسی طریقہ سے حل کیا جس سے دہشت گردی میں کمی آئی لیکن قیادت کی تبدیلی سے فوج کو اپنی توانائیاں عسکری مسائل کے بجائے سیاسی مسائل میں صرف کرنا پڑیں۔ انٹیلیجنس سیاستدانوں پر نظر رکھنے میں مصروف ہو گئے جس کی وجہ سے نتیجے میں شہادتوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے جو کہ قیادت کے لئے ایک لمحہ فکریہ ہے۔

صاحب، بی بی اور غلام

بجٹ اسا ٹھ سال پہلے کی اِس ہندوستانی فلم کا میرٹ کے لحاظ سے میرے کالم سے کوئی تعلق نہیں۔ بس یہ تین الفاظ اچانک یاد آنے کا سبب ایک انگریزی روزنامہ میں شائع ہونے والا ایک معیار مضمون ہے۔ مزید برآں محض اس حوالے سے نہیں کہ یہ شگفتہ تحریر کسی خاتون کے قلم سے نکلی۔ دلچسپی کا سامان ایک سوال تھا کہ پاکستان میں کام کاج کی

شاہد ملک

جگہوں پر ساتھی خواتین کے لیے ہمارا طرزِ تخاطب کیا ہونا چاہیے۔ یہ سیدھا سادہ معاملہ حقیقت میں کتنا نازک ہے، اِس کا احساس تحریر میں درج مثالوں سے ہوتا ہے۔ جیسے یاد دلایا گیا ہے کہ رواں صدی کی ابتدا میں ہماری اس وقت کی بائیس سالہ مضمون نگار کو برطانوی یونیورسٹی میں ایک عمر رسیدہ استاد نے تعارف ہوتے ہی حیران کر دیا تھا کہ آپ مجھے ڈیوڈ کہہ کر بلائیں۔ سب طلبہ نے یہی کیا مگر بزرگی کے پیشِ نظر پاکستانی اسٹوڈنٹ انہیں مسٹر ہارکورٹ کہہ کر ہی بلاتی رہیں۔ انگلستان میں میری اپنی طالب علمی پچھلی صدی کی آخری چوتھائی کی بات ہے۔ چنانچہ بتیس برس کی عمر میں پروفیسر) سچ مچ کا پروفیسر (اور صدر شعبہ بننے والے نوجوان کو، جن کی زبان سے نوم چومسکی کا ذکر بطور ماہر لسانیات پہلی بار سنا تھا، ہم نے غیر موجودگی میں بھی انڈریو بھی نہ کہا، ہمیشہ پروفیسر ریڈفورڈ کہہ کر ہی یاد کیا۔ اسی طرح عمرانی لسانیات کے استاد ڈاکٹر جیمز، صوتیات کے ماہر مسٹر ایلیر اور ہمارے کورس ٹیوٹر مسٹر اوین ہی کہلائے۔ پھر بھی انہیں اس طرح مخاطب کرنا بھی شروع میں اِس لیے عجیب لگا کہ وہ بھی آپ کو ملک کہہ کر بلاتی ہیں۔ اِس پر میں صدیقی صاحب کو وہ واقعہ سناں گا جب پی ٹی وی پر ٹاکرہ کے میزبان دلدار پرویز بھٹی نے پوچھا تھا کہ منو بھائی، ہماری بھابھی آپ کو کس نام سے پکارتی ہیں؟ وہ مجھے دلدار کہتی ہیں منو بھائی نے جواب دیا تھا۔ منو بھائی کے برعکس شادی کے دنوں میں یونیورسٹی ٹیچر کے طور پر اِسے میری سرسراہٹ کہہ لیں کہ مجھے اپنے لیے ملک کے نام سے ایک درمیانی راستہ نکالنا پڑا۔ وہ یوں کہ پہلے نام سے بلایا جانا زیادہ ہی فریبک حرکت لگی جبکہ ملک صاحب کہلانے میں اپنا وجود ابا ابا محسوس ہونے کا ڈر تھا۔ کم و بیش ہر کسی کا تصورِ حیات اس پس منظر کے تابع بھی ہوتا ہے جس میں بچے نے آنکھ کھولی اور اپنے گرد و پیش کو سمجھنے کی کوشش کی۔ قیام پاکستان کے تیسرے مارشل لا تک شہری مراکز میں آنٹیوں اور انکلوں کی وہ بہتات نہیں تھی جسے آج دیکھیں تو کسی وبائی مرض کے پھوٹنے کا گمان ہوتا ہے۔ ہمارے بچپن میں دور کے رشتہ داروں، ہم پلہ ہمسایوں اور والدین کے تعلق داروں کے لیے چچا، چچی یا خالہ کی اصطلاح برتی جاتی۔ چنانچہ ایک روز ہمارے چھوٹے پھوپھی زاد بھائی نے دروازے پر دستک سن کر والد کو اطلاع دی کہ ابو جی، نذیر قریشی آپ سے ملنے آیا ہے۔۔۔ اِس پر تلقین کی گئی کہ بڑوں کا نام نہیں لینے، انہیں چچا کہتے ہیں۔ اسی شام اسکول کا کام کراتے ہوئے ماں نے پوچھا کہ گڈو، یہ بتا کہ پاکستان کے بانی کون تھے؟ اِس پر بچے کے منہ سے نکلا چاچی، قائداعظم۔ اخبار کا مضمون پڑھ کر میری توجہ نام لینے کے اس رسمی انداز کی طرف بھی گئی جس میں کسی کی ذات سے جڑے ہوئے تعارفی لفظ کو رشتے کی بجائے اس کے منصب کا اشارہ سمجھا جاتا۔ جیسے مجھے ملک کہنے والی بیوی کے بقول، راولپنڈی میں ان کے سینٹ این والے کانونٹ اسکول کی لڑکیاں عام ٹیچر کو مس کہہ کر بلایا کرتیں، لیکن بعض استانیوں کو باقاعدہ مدر یا سسٹر کہا جاتا۔

وارث میر کا فکری اثاثہ

ایک ادیب، شاعر اور مفکر کی قدر و قیمت کا تعین اس بات سے وابستہ ہوتا ہے کہ اسے کون سا زمانہ نصیب ہوا اور وہ زمانہ طے کرتا ہے کہ اس میں چھپے اضطراب اور سوالوں کو کس نے کیسے سمجھا اور کیسے ان کا سامنا کیا۔ زمانے چاہے کتنے ابتر ہوں یا ظلمت آشنا ہوں۔ وہ ہمیں ان تخلیق کاروں اور حریت فکر کے رہنماں سے ملا دیتے ہیں جو سماج اور زندگی کے دشمنوں کو کٹہرے میں لا کھڑا کرتے ہیں۔ ایسا ہی ایک استاد، ایک فکری رہنما، ایک دردمند انسان دوست وارث میر بھی ہے جنہیں ساٹھ، ستر اور اسی کی دہائیوں کا زمانہ نصیب ہوا جو پاکستان کے مستقبل کی بنیادوں کا تعین کرنے کے مراحل میں تھا اس لیے سیاسی، سماجی، اقتصادی، ثقافتی، علمی اور فکری سطح پر انہوں نے ایسے سوالوں کا سامنا کیا جو ہماری

اصغر ندیم سید

ذہنی آزادی، رواداری، معروضی سوچ اور تاریخی سچائیوں کو برداشت کرنے کا کلچر پیدا کرنے کے لئے ضروری تھے۔ وارث میر یونیورسٹیوں کے ایسے اساتذہ کی کثیر تعداد میں شامل نہیں تھے جو حسرتوں کے مارے، گریڈوں اور عہدوں کے لالچ میں علمی بصیرت سے کوسوں دور تعصب اور تنگ نظری کی پٹی آنکھوں پر باندھے کئی نسلوں کو اندھیروں کے حوالے کرنے پر مامور تھے۔ وارث میر چوکھی لڑائی لڑنے والے دانشور تھے اور ایسے استاد تھے جو اپنے طلبا کو آزادی سے سوچنے کی بصیرت عطا کرتے تھے۔ ساتھ ہی تعصب کے ماحول سے بچانے کے لئے طلبا کو اپنے پروں کے نیچے محفوظ کرنے کا ہنر بھی جانتے تھے۔ پروفیسر وارث میر نے صرف انچاس برس کی عمر پائی۔ میں میر صاحب کے علمی اور فکری کام کو دیکھ رہا تھا جو وارث میر کا فکری اثاثہ کے عنوان سے تین تخمینی جلدوں پر محیط ہے۔ میں نے ابھی ان کا مطالعہ مکمل کیا ہے۔ میں شاید ان کے اس اثاثے کا احاطہ نہ کر سکوں لیکن یہ تو میں کہہ سکتا ہوں کہ وہ ہماری علمی میراث کے صحیح معنوں میں کسٹوڈین تھے، محافظ تھے، وارث میر کی زندگی کو سالوں سے نہیں سوالوں سے ناپنا چاہئے جو انہوں نے اپنے مضامین میں اٹھائے، مگر افسوس زمانہ ان سوالوں کا بوجھ نہ اٹھا سکا۔ ورنہ آج جو فکری کنفیوژن ہے یا علمی ڈویلیدگی ہے، یہ ہمارے معاشرے میں نہ ہوتی، جس کا عکس ہم میڈیا پر دیکھتے ہیں جبکہ وارث میر نے زمانوں کا بوجھ بھی اٹھایا اور زمانوں کے ٹھیکیداروں کا بوجھ بھی اٹھایا۔ وارث میر کے علمی اور فکری سفر کا تجزیہ ہمارے فکری استاد اور اپنے وقت کے بڑے سکالر پروفیسر کرار حسین نے اس طرح کیا ہے۔ وارث میر کو اسلام اور پاکستان سے بڑی محبت تھی بلکہ عشق تھا اور اسی لئے اس کی زندگی مذہب کے نام و نمائش پر اسلام اور پاکستان کا استحصال کرنے والے ٹھیکیداروں سے پیہم جہاد تھی۔ اس کے لیے اس کے نظریات اور ابلاغ کا مسئلہ زندگی اور موت کا مسئلہ تھا۔ وارث میر آمریت کے خلاف تھا۔ خواہ وہ آمریت کسی رنگ میں ہو وہ ہر قسم کی ملائیت کے خلاف تھا خواہ وہ ملائیت کسی نظریہ یا عقائد پر مبنی ہو، اس لیے کہ یہ حالت انسان کی آگہی اور شرافت کو سلب کر لیتی ہے۔ وارث میر نے مذہبی اور سماجی فکر کے ایک پابند ماحول میں اپنا کیریئر شروع کیا، لیکن رسمی اور جامد عقیدوں اور تنگ و تاریک تعصبات سے اپنا دامن چھڑا کر زندگی کے تجربات کی روشنی میں اپنی بصیرت کے مطابق حق کی تلاش کی اور اس کا برملا اظہار کیا۔ کرار حسین کے دو اقتباس اس لیے نقل کئے ہیں کہ وارث میر کے دور میں فکری مغالطوں کی فصلیں کاشت کرنے والے منظم گروہوں کی نشاندہی کی جا سکے۔ وارث میر ان سے ٹکرایا، اس حوالے سے انہوں نے اپنی اور اپنے بچوں کی زندگی بھی داؤ پر لگا دی۔ اس حوالے سے احمد بشیر جو ناک پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتے تھے اور چور کو چور کہنے کے لئے آستینیں چڑھا کر حشر نشر کر دیتے تھے کا ایک مضمون وارث میر کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔ بہت کھلا ڈلا مضمون ہے، جس میں وارث میر کے عورتوں کے حقوق سے متعلق مضامین کی سیریز کا احوال لکھا ہے۔ جنرل ضیا الحق کا زمانہ تو وارث میر کو مہمیز دینے کے لیے ہی ہم پر مسلط ہوا تھا۔ احمد بشیر بتاتے ہیں کہ آپا نثار فاطمہ ضیا الحق کے ایجنڈے کا جھنڈا اٹھائے پھرتی تھی۔ نہایت چالاک خاتون تھی آدھے منہ کا پردہ کرتی تھی مگر سونے کی چوڑیوں سے بھری ہوئی کلائی کہنی تک ننگی رکھتی تھی۔ اس زمانے میں عورتوں کے حقوق اور آزادی کے خلاف اس کے خیالات کے جواب میں وارث میر نے عورتوں کے حقوق اور ان کی اسلام میں حیثیت کے حوالے سے بے شمار سوالوں کو نہ صرف اٹھایا بلکہ ان سوالوں کے لیے مذہبی، انسانی، اخلاقی، ثقافتی، سماجی، قانونی اور موروثی حوالوں سے تحقیق کے بعد دنیا کو سمجھایا کہ پاکستان کی عورت کو اس کا مقام نہیں دیا جا رہا۔ بھی مذہب کبھی روایت پرستی اور کبھی مرد کی حاکمیت کا سہارا لے کر عورتوں کو غلام رکھا جا رہا ہے۔ اتنی اعلیٰ عرفانی، مذہبی اور سماجی تحقیق اس حوالے سے میں نے کبھی نہیں دیکھی۔ آج اگر اسلامی نظریاتی کونسل کچھ کہہ رہی ہے۔ مفتی صاحبان کچھ کہہ رہے ہیں اور قومی اسمبلی کچھ اور کہتی ہے تو میری گزارش ہے کہ یہ سب لوگ وارث میر سے رجوع کیوں نہیں کرتے؟ عاصمہ جہانگیر نے بجا طور پر وارث میر کی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ ضیا الحق کا زمانہ وارث میر کی فکری تکمیل کا زمانہ ثابت ہوا۔ آج مڑ کر دیکھتا ہوں تو ایک طرف وہ زمانہ شدید حبس اور خوف و ہراس کا تھا دوسری طرف پکڑ دھکڑ، کوڑے برسانے، جیلیں ادیبوں، دانشوروں، صحافیوں، وکلا اور سیاسی کارکنوں سے بھرنے کا زمانہ تھا۔ بہت روایتی رہتی تھی، ہمارے پاس بہادر بننے کے نادر مواقع موجود تھے، مزاحمتی ادب میں افسانے اور شاعری کے دفتر کے دفتر لکھے گئے اور ان سب سرگرمیوں میں وارث میر فرنٹ فٹ پر کھیل رہا تھا۔ جب عورتوں کے حقوق کے لئے ریگل چوک میں خواتین کے جلوس میں حبیب جالب نظم پڑھ رہا تھا اور بدترین لاٹھی چارج میں چادر اور چار دیواری کی دھجیاں بکھر گئیں اور جالب صاحب لہولہان ہوئے تو وہیں کہیں وارث میر بھی موجود تھے۔ میرا ان سے تعلق بھی اسی بنیاد پر قائم ہوا۔ ایک مذہبی جماعت جو ضیا الحق کی لاڈلی تھی۔ اس کے کچھ کالج کے اساتذہ نے مل کر پنجاب کے بڑے شہروں کے کالجوں کے ترقی پسند اور علم دوست اساتذہ کی فہرستیں تیار کیں۔ یہ سو کے قریب پروفیسر تھے۔ پہلے تو ان ترقی پسند پروفیسروں کے خلاف فرد جرم تیار کی گئی اور پھر ان ترقی پسند پروفیسروں کے کالے کرتوتوں پر ایڈیشن شائع کیا گیا۔ ان پروفیسروں میں میرا نام بھی شامل تھا۔ میں ایمرسن کالج ملتان میں لیکچرار تھا، مجھے شکر گڑھ بھیجا گیا جہاں گورنمنٹ کالج لاہور سے انور ادیب بھی تبدیل ہو کر پہنچے۔ چھٹیوں میں لاہور آ جاتا اور یہاں کی ادبی اور سماجی سرگرمیوں میں شریک ہو جاتا۔ مارشل لا کے خلاف اس وقت بے شمار نظمیں لکھیں جو دوستوں تک پہنچ جاتی تھیں۔ وارث میر کو جب پتا چلا کہ ہم اساتذہ کے ساتھ کیا ہوا ہے؟ تو انہوں نے دست شفقت بڑھایا۔ ہمیں حوصلہ دیا اور پھر یہ سفر ہم سب کا ایک ساتھ چلا۔ ہر دوسرے تیسرے کسی نہ کسی تقریب میں وارث میر سے ملاقات ہو جاتی۔ یہ تقریب بھی مارشل لا ایڈمنسٹریٹر کو پتھر مارنے کا ایک بہانہ ہوتی تھی۔ 1978 سے 1983 تک میں ملتان سے نکلنے کے بعد لاہور سے باہر رہا۔ البتہ ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں میں برابر شریک رہا۔ 1984 سے 1987 تک وارث میر کو قریب سے دیکھنے اور سننے کے کئی مواقع ملے۔ یہ وہ زمانہ ہے جب سیاسی سرگرمیوں پر پابندی کی وجہ سے سیاسی کارکن بھی فنون لطیفہ اور ادب کے ذریعے اپنا اظہار کرنے لگے تھے۔ ان ادب کے ذریعے اپنا اظہار کرنے لگے تھے۔ ان ثقافتی اور ادبی تقریبات کی اطلاع سینہ بہ سینہ سب کو ہو جاتی تھی، عین وقت پر ہم سب پہنچے ہوتے تھے۔ وارث میر باقاعدگی سے ان نشستوں میں اپنا فکری حصہ ڈالتے رہے۔ پنجاب یونیورسٹی پر اس زمانے میں جس مذہبی جماعت کا قبضہ تھا وہ اپنے ہم خیال اساتذہ کو فائدہ پہنچانے اور اپنے سے اختلاف رکھنے والوں کی سرکوبی کرنے کے لئے ڈنڈے اور پستول کی زبان استعمال کرتی تھی۔ ہمیں معلوم تھا وارث میر دن رات کس طرح کے دبا کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ ایسا منصوبہ بنائیں گے کہ ان کا بیٹا قتل کے جرم میں سزا پا جائے۔ وارث میر نے یہ وقت کس دبا میں گزارا اور پھر 1987 میں وہ یہ دبا برداشت نہ کر سکے۔ اجتماعی آواز کو خاموش تو کیا جا سکتا ہے لیکن اسے اجتماعی حافظے سے نکالا نہیں جا سکتا۔ اگر اس مذہبی جماعت نے وارث میر کے خاندان سے معافی مانگ لی ہے تو ٹھیک ہے، نہیں تو اعلانیہ معافی مانگ لینی چاہئے۔ وارث میر معاف کر دیں گے۔ وارث میر باقاعدگی سے ان نشستوں میں اپنا فکری حصہ ڈالتے رہے۔ پنجاب یونیورسٹی پر اس زمانے میں جس مذہبی جماعت کا قبضہ تھا وہ اپنے ہم خیال اساتذہ کو فائدہ پہنچانے اور اپنے سے اختلاف رکھنے والوں کی سرکوبی کرنے کے لئے ڈنڈے اور پستول کی زبان استعمال کرتی تھی۔ ہمیں معلوم تھا وارث میر دن رات کس طرح کے دبا کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ ایسا منصوبہ بنائیں گے کہ ان کا بیٹا قتل کے جرم میں سزا پا جائے۔ وارث میر نے یہ وقت کس دبا میں گزارا اور پھر 1987 میں وہ یہ دبا برداشت نہ کر سکے۔ اجتماعی آواز کو خاموش تو کیا جا سکتا ہے لیکن اسے اجتماعی حافظے سے نکالا نہیں جا سکتا۔ اگر اس مذہبی جماعت نے وارث میر کے خاندان سے معافی مانگ لی ہے۔

SHOWBIZ شوبز

اکشے کمار کی نئی فلم "او مائے گارڈ 2" کا مختصر ٹیزر جاری

جبکہ او مائے گاڈ 11 اگست کو سینما گھروں کی زینت بنے گی

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ انڈسٹری کے سپر اسٹار اکشے کمار نے اپنی بلاک بسٹر فلم او مائے گاڈ کے پارٹ ٹو کا مختصر ٹیزر سوشل میڈیا پر جاری کر دیا۔ انسٹاگرام پر مختصر ویڈیو کے ساتھ اداکار نے اعلان کیا کہ فلم کا تفصیلی ٹیزر 11 جولائی کو ریلیز ہوگا جبکہ او مائے گاڈ 11 اگست کو سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ مختصر ویڈیو میں اداکار کو ہندو دیوتا کے کردار میں ہجوم کے درمیان دیکھا جا سکتا ہے، انہوں نے لمبے بالوں کے ساتھ سیاہ لباس پہنا ہوا ہے، اکشے کمار ہندو دیوتا کے روپ میں ہجوم کے دوران چلتے ہیں اور ساتھ ہی پس منظر میں ہر ہر مہادیو کا گانا چلتا ہوا سنائی دیتا ہے۔

شاعر و افسانہ نگار احمد ندیم قاسمی کی 17 ویں برسی آج منائی جائے گی

اسلام آباد (شوبز نیوز) معروف ترقی پسند شاعر و افسانہ نگار احمد ندیم قاسمی کی 17 ویں برسی (آج) 10 جولائی پیر کو منائی جائے گی اس سلسلے میں مختلف شہروں کے ادبی و صحافتی حلقوں میں تعزیتی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین احمد ندیم قاسمی کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔ احمد ندیم قاسمی کا آٹھ برس قبل 10 جولائی 2006ء کو انتقال ہو گیا تھا۔ معروف ادیب، افسانہ نگار، صحافی اور کالم نگار احمد ندیم قاسمی 20 نومبر 1916ء کو پنجاب کے خوبصورت ضلع خوشاب میں پیدا ہوئے ان کا اصل نام احمد شاہ جبکہ ندیم ان کا تخلص تھا۔

حج کے تمام ارکان میں ایک فلسفہ ہے، افتخار ٹھاکر

رب تعالیٰ کی منظوری سے ہی اس کے گھر جانے کی توفیق ہوتی ہے، سینئر اداکار

لاہور (شوبز نیوز) سینئر کامیڈین اداکار افتخار ٹھاکر نے کہا ہے کہ ایک بار پھر حج کی سعادت حاصل ہونا میری خوش قسمتی ہے اور میں خدا کی ذات کا بے حد شکر گزار ہوں کہ اس نے مجھے کئی بار اپنے گھر کو دیکھنے کی سعادت نصیب فرمائی۔ گفتگو کرتے ہوئے افتخار ٹھاکر نے کہا کہ رب تعالیٰ کی منظوری سے ہی اس کے گھر جانے کی توفیق ہوتی ہے، میں خود کو دنیا کا خوش ترین انسان سمجھتا ہوں کہ مجھے ایک نہیں بلکہ متعدد بار خانہ کعبہ اور مدینہ منورہ کی زیارت کرنا نصیب ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حج کے تمام ارکان میں ایک فلسفہ ہے۔

فیروز خان سپر سٹار تھے، ہیں اور رہیں گے، اداکار وہاج علی

ویڈیو میں اداکار وہاج علی حرامانی کے ہمراہ ایک شو میں موجود ہیں

لاہور (شوبز نیوز) فیروز خان سپر سٹار تھے، ہیں اور رہیں گے، وہاج علی بھی معروف اداکار کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر گردش کرنے والی ویڈیو نے فیروز خان کے مداحوں کا دل جیت لیا۔ ویڈیو میں اداکار وہاج علی حرامانی کے ہمراہ ایک شو میں موجود ہیں جہاں ان سے ریپڈ فائر سیگمنٹ میں پاکستانی اداکار فیروز خان کے حوالے سے سوال کیا جاتا ہے۔ جواب میں تیرے بن کے اداکار پنا وقت ضائع کیے فیروز خان کو "سپر سٹار" کا لقب دے دیتے ہیں۔ ویڈیو کے ساتھ عنایا نامی صارف نے اداکار سے اظہار محبت کرتے ہوئے لکھا کہ یہ سنو سپر سٹار، وہ تھا، وہ ہے، اور سپر سٹار رہے گا۔ وہاج علی کے تبصرے پر فیروز کا ردعمل بھی سامنے آگیا، ویڈیو کو ری پوسٹ کرتے ہوئے انہوں نے لکھا کہ جب نے لکھا کہ "یہاں پھول نہیں فول ہی ملتے ہیں"۔ جس کے جواب میں صبور نے اپنے مداح کی بات سے اتفاق کیا اور لکھا کہ جو بات ہے جبکہ ایک اور صارف کا کہنا تھا کہ "فول تو لوگ ہمیں بنا جاتے ہیں"۔ یہاں فول سے مراد وہ لوگ ہیں جو دھوکا دہی میں ماہر ہوتے ہیں۔ اداکارہ کی ذومعنی پسند نے لوگوں کو تبصرہ کرنے کا ایک نیا موقع فراہم کر دیا، ایک صارف نے لکھا کہ "یہاں پھول نہیں فول ہی ملتے ہیں"۔ جس کے جواب میں صبور نے اپنے مداح کی بات سے اتفاق کیا اور لکھا کہ جو بات ہے جبکہ ایک اور صارف کا کہنا تھا کہ "فول تو لوگ ہمیں بنا جاتے ہیں"۔ یہاں فول سے مراد وہ لوگ ہیں جو دھوکا دہی میں ماہر ہوتے ہیں۔ اداکارہ کی ذومعنی پسند نے لوگوں کو تبصرہ کرنے کا ایک نیا موقع فراہم کر دیا، ایک صارف نے لکھا کہ "یہاں پھول نہیں فول ہی ملتے ہیں"۔ جس کے جواب میں صبور نے اپنے مداح کی بات سے اتفاق کیا اور لکھا کہ جو بات ہے جبکہ ایک اور صارف کا کہن

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
11 جولائی 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اِڈو یلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔

موروخہ 11 جولائی 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 09:00 بجے تا دن 14:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، ہائی وے، فضاہیہ، ضیا مسجد، سروس روڈ ایسٹ، اقبال ٹاؤن فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل F-17/I&II، نوگزی فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، کھوڑہ سٹی۔II، حنیف شہید، اولڈ روات، نیو روات، سی ڈبلیو او، اے او ڈبلیو ایچ ایس، سپارکو فیڈرز، اٹک سرکل، کامرہ رورل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ فیڈرز اور گردوفواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردوفواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

گرانٹ دینے کا فیصلہ کیا۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کی ہدایت پر سوشل سیکورٹی ہسپتالوں کے مریضوں کو ڈیجیٹل کارڈ جاری کئے جائیں گے۔ صوبائی وزراء ڈاکٹر جاوید اکرم، عامر میر، منصور قادر، سیکرٹریز صحت، خزانہ، لیبر، اطلاعات، کمشنر پنڈی اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جمال ناصر ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے

بقیہ 2

موجودہ وسابق سینیٹ قومی اسمبلی سے پارٹی امور سمیت پاکستان واپسی کے حوالے سے بھی مشاورت کر رہے ہیں۔ نواز شریف کی اس سلسلے میں قانونی ٹیم سے بھی مشاورت جاری ہے۔ سابق وزیراعظم کو کچھ پارٹی رہنماؤں کے ساتھ پنجاب میں ٹکٹوں کی تقسیم اور استحکام پارٹی سے سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ نواز شریف نے قریبی ساتھیوں کو عام انتخابات کی تیاریوں اور مریم نواز کے ساتھ کھڑا ہونے کی ہدایت کر دی، نواز شریف نے دیرینہ ساتھیوں سے گفتگو میں کہا کہ وطن واپسی پر کچھ عرصے کے لیے جیل جانا پڑا تو پروا نہیں کروں گا۔ نواز شریف نے نومبر میں انتخابات کا عندیہ دیتے ہوئے الیکشن مہم تیز کرنے کی ہدایت کر دی۔ ذرائع کی جانب سے دعویٰ کیا جارہا ہے کہ موجودہ حکومت 11 یا 12 اگست کو تحلیل کر دی جائے گی۔ نواز شریف کا پنجاب میں ٹکٹوں کی تقسیم اور انتخابی اتحاد پر اہم فیصلہ متوقع ہے۔ پنجاب میں 30 فیصد نئے چہروں کو میدان میں اتارا جائے گا، ٹکٹوں کی تقسیم کا مرحلہ اگست اور ستمبر میں مکمل کیا جائے گا۔ سعودی عرب میں نواز شریف کی وطن واپسی کی حتمی تاریخ طے پانے کا عمل جاری ہے۔ دوسری جانب مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماؤں کی جانب سے دعویٰ کیا جارہا ہے کہ عام انتخابات کی مہم کے لیے ن لیگ کی قیادت نواز شریف ہی کریں گے۔

بقیہ 3

متفق نہیں تھا۔ چودھری سرور نے مزید کہا کہ جیسے جیسے وقت گزر رہا ہے کرپشن کا ریٹ بڑھ رہا ہے۔ قبل ازیں چوہدری سرور نے کہا کہ چوہدری شجاعت اور پرویز میں اختلاف وزارت اعلیٰ دینے پر ہوا، پیپلز پارٹی کے ذریعے ن لیگ کو وزارت اعلیٰ دینے پر راضی کیا۔ پی ٹی آئی مشکل وقت سے گزر رہی ہے۔ مشکل وقت میں چھوڑنے والے کو لوگ پسند نہیں کرتے۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا لوگوں کی مجبوریاں ہیں۔ سابق گورنر چوہدری سرور نے نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پارٹی کی تنظیم سازی شروع کئے تین ماہ گزر چکے ہیں۔ دو کنونشنز میں ہزاروں کی تعداد میں نوجوان شامل ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی سے وابستہ نوجوانوں کے خواب ٹوٹ چکے ہیں۔ انہوں نے ایک سوال پر کہا کہ اگر اسمبلی وقت سے پہلے تحلیل ہوئی ہوں تو الیکشن کمیشن 90 روز ہونگے۔ چوہدری سرور کا کہنا تھا اچھے کردار کے لوگوں کو اپنی پارٹی میں لے سکتے ہیں اور مناسب وقت پر پی ٹی آئی والے بہت سارے لوگ ق لیگ میں شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری شجاعت سمجھتے ہیں جو وعدہ ہوا سے پورا کرنا چاہئے۔ چوہدری شجاعت کی مخالفت میں پرویز الٰہی پی ٹی آئی میں گئے۔ فریقین چاہیں تو تمام مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ دوسری جانب استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے اپنے انٹرویو میں عندیہ دیا ہے کہ چوہدری سرور استحکام پاکستان پارٹی میں شامل ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی سے وابستہ نوجوانوں کے خواب ٹوٹ چکے ہیں۔ انہوں نے ایک سوال پر کہا کہ اگر اسمبلی وقت سے پہلے تحلیل ہوئی ہوں تو الیکشن کمیشن 90 روز میں الیکشن کرانے کا پابند ہے، ہم نے الیکشن کی تیاری کرنی ہے، ہم نے کہا کہ ہم الیکشن کیلئے تیار ہیں، ہم نے کہا کہ ہم نے الیکشن لڑنا ہے، ہم نے کہا کہ ہم نے الیکشن جیتنا ہے، ہم نے کہا کہ ہم نے الیکشن جیت کر حکومت بنانی ہے، ہم نے کہا کہ ہم نے الیکشن جیت کر حکومت بنا کر عمران خان کو وزیراعظم بنانا ہے، ہم نے کہا کہ ہم نے الیکشن جیت کر حکومت بنا کر عمران خان کو وزیراعظم بنا کر ملک کو اس بحران سے نکالن

ڈی چوک میں دو بڑی جماعتوں کے درمیان تھی ضرور نہیں اس میں ہر شخص شامل ہو

مولانا فضل الرحمٰن کا حق ہے کہ وہ اپنی تشویش سے آگاہ کریں کیونکہ وہ ہمارے اتحادی ہیں، شاہد خاقان عباسی

شاہد خاقان عباسی نے مزید کہا کہ بدقسمتی ہے کہ کوئی ایسا نیوٹرل نہیں جو سب کو ساتھ بٹھا سکے۔ الیکشن آگے لے کر جانا بہت بڑی غلطی ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے ڈی چوک میں ن لیگ اور پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت میں ہونے والی اہم میٹنگ میں مدعو نہ کرنے پر شکوے کا اظہار کیا ہے۔ جس پر ردعمل دیتے ہوئے سینئر قیادی رہنما شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ یہ میٹنگ دو بڑی جماعتوں کے درمیان تھی ضروری نہیں اس میں ہر شخص شامل ہو۔ مولانا فضل الرحمٰن کا حق ہے کہ وہ اپنی تشویش سے آگاہ کریں کیونکہ وہ ہمارے اتحادی ہیں ان کو ضرور اعتماد میں لیا جائے گا۔ شاہد خاقان عباسی نے مزید کہا کہ بدقسمتی ہے کہ کوئی ایسا نیوٹرل نہیں جو سب کو ساتھ بٹھا سکے۔ الیکشن آگے لے کر جانا بہت بڑی غلطی ہے۔ اس وقت الیکشن کروانے یا نہ کروانے کی چوائس نہیں ہے۔ گذشتہ چار پانچ ماہ کے دوران جو کچھ ہوا اس لیے الیکشن کے انعقاد پر شک پیدا ہوئے۔ شاہد خاقان عباسی نے (بقیہ نمبر 3 4)

اسلام آباد: وفاقی شرعی عدالت کے عالم جج محمد انور نے حلف اٹھالیا

بجلی کی قیمت میں ایک روپے 24 پیسے فی یونٹ اضافہ نوٹیفکیشن جاری

فی یونٹ بجلی ایک روپے 24 پیسے مہنگی ہوگئی۔ اضافے کا اطلاق جولائی، اگست اور ستمبر کے بلوں میں ہوگا

بجلی کی قیمت میں اضافہ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد کی کیا گیا ہے۔ اضافے سے صارفین پر 46ارب 76 کروڑ روپے کا بوجھ پڑے گا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) بجلی کی قیمت میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فی یونٹ بجلی ایک روپے 24 پیسے مہنگی ہوگئی۔ اضافے کا اطلاق جولائی، اگست اور ستمبر کے بلوں میں ہوگا۔ بجلی کی قیمت میں اضافہ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد کی کیا گیا ہے۔ اضافے سے صارفین پر 46ارب 76 کروڑ روپے کا بوجھ پڑے گا۔ چند روز قبل نیپرا نے بجلی کی قیمت میں اضافے کی منظوری دی تھی۔ بجلی کی قیمت میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فی یونٹ بجلی ایک روپے 24 پیسے مہنگی ہوگئی۔ اضافے کا اطلاق جولائی، اگست اور ستمبر کے بلوں میں ہوگا۔ بجلی کی قیمت میں اضافہ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد کی کیا گیا ہے۔ اضافے سے صارفین پر 46ارب 76 کروڑ روپے کا بوجھ پڑے گا۔ چند روز قبل نیپرا نے بجلی (بقیہ نمبر 3 3)

لاہور: لاہور: مکان کی چھت گرنے سے ایک شخص جاں بحق، 5 زخمی

پیپلز پارٹی انتخابات میں تاخیر نہیں چاہتی، فرحت اللہ بابر

پیپلز پارٹی نے انتخابات میں تاخیر سے متعلق بیانات پر تحفظات کا اظہار کردیا

پیپلز پارٹی نے نواز شریف کو بروقت انتخابات کرانے کے لیے پیغام پہنچا دیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی نے انتخابات میں تاخیر سے متعلق بیانات پر تحفظات کا اظہار کر دیا۔ پیپلز پارٹی نے نواز شریف کو بروقت انتخابات کرانے کے لیے پیغام پہنچا دیا۔ پی پی رہنما فرحت اللہ بابر کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی انتخابات میں تاخیر نہیں چاہتی۔ بعض جماعتوں کے بیانات سے تاثر ملا انتخابات میں تاخیر کی بات کر رہی ہے۔ پیپلز پارٹی کا بڑا واضح موقف ہے کہ انتخابات وقت پر ہونے چاہیے، انہوں نے مزید کہا کہ نواز شریف سے آصف زرداری نے انتخابات وقت پر (بقیہ نمبر 3 5)

اسلام آباد: پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے انتظامات مکمل

9 مئی واقعے پر ریاست کو انصاف نہیں ملا، نواز شریف کو کون دیگا؟، جاوید لطیف

عدلیہ کو نواز شریف کی نااہلی کیلئے استعمال کیا گیا، ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لانا چاہئے

فوجی تنصیبات پر حملہ آور ہونے والے آزاد ہیں، دھرتی ماں کو انصاف نہیں مل رہا وفاقی وزیر

لاہور (جنرل رپورٹر) وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ 9 مئی واقعے پر ریاست کو انصاف نہیں ملا، نواز شریف کو انصاف کون دیگا؟۔ ایک بیان میں میاں جاوید لطیف نے کہا کہ فوجی تنصیبات پر حملہ آور ہونے والے آزاد ہیں، دھرتی ماں کو انصاف نہیں مل رہا۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ کو نواز شریف کی نااہلی کیلئے استعمال کیا گیا، اس حوالے سے انکوائری کر کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اداروں کو بھی خود احتسابی کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 3 6)

کوئٹہ، کانگو سے مزید ایک شخص جاں بحق، تعداد 8 ہوگئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان میں کانگو وائرس سے مزید ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں کانگو سے متاثرہ مریض دم توڑ گیا ہے جس کے بعد رواں سال ملک میں کانگو سے جاں بحق افراد کی تعداد 8 ہوگئی ہے۔ فاطمہ جناح ہسپتال میں کانگو سے جاں بحق ہونے والے 35 سالہ مظور کو تین روز قبل ہسپتال منتقل کیا گیا تھا، اس (بقیہ نمبر 4 0)

مون سون کا آغاز ہوتے ہی ہیضے کے کیسز میں اضافہ

بارشوں کے مہینوں میں ہیضے کے پھیلاؤ کا خدشہ ہے، عوام صاف پانی پئیں

صابن سے ہاتھ دھوئیں، صفائی کا خیال رکھیں، قومی ادارہ صحت اسلام آباد

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مون سون بارشوں کا آغاز ہوتے ہی ملک میں ہیضے کے کیسز میں اضافہ ہونے لگا۔ وفاقی حکام کے مطابق ملک بھر میں مون سون بارشوں کا آغاز ہوتے ہی ہیضے کے کیسز کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا ہے، پاکستان میں اب تک لیبارٹری سے تصدیق شدہ ہیضے کے 75 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت نے بتایا ہے کہ پاکستان میں اس سال ہیضے سے اب تک 43 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ محکمہ صحت سندھ کے حکام نے کہا ہے کہ ہیضے سے سب سے زیادہ متاثر شہر کراچی ہے، جہاں اب تک ہیضے کے 55 تصدیق شدہ کیس رپورٹ ہوئے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ کراچی کے ضلع کورنگی کے علاوہ باقی 6 اضلاع سے ہیضے کے کیس رپورٹ ہوئے ہیں، شہر میں پچھلے 2 ماہ میں ہیضے سے کم از کم 4 ہلاکتیں ریکارڈ ہوئی ہیں۔ محکمہ صحت سندھ کے حکام نے بتایا کہ کراچی کے پانی میں ہیضے اور ٹائیفائیڈ سمیت مختلف جراثیم اور وائرس پائے گئے ہیں۔ قومی ادارہ برائے صحت اسلام آباد نے کہا ہے (بقیہ نمبر 3 9)

فیصل آباد، پولیس نے مدرسے جاتے لاپتہ پانچ بچوں کو ڈھونڈ لیا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد میں تین روز پہلے لاپتہ پانچ بچوں کو پولیس نے ڈھونڈ لیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تین روز قبل لاپتہ ہونے والے پانچ بچوں کو ڈھونڈ کر والدین کے حوالے کردیا ہے۔ پولیس کے مطابق بچے تین روز قبل گھر سے مدرسے جانے کے لئے نکل کر راستے سے کہیں بھاگ گئے تھے جنہیں (بقیہ نمبر 3 8)

اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ، جلسے جلوسوں پر پابندی عائد

نوٹیفکیشن کا اطلاق دو ماہ تک رہے گا، خلاف ورزی پر کارروائی کی جائے گی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ کر کے جلسے جلوسوں پر پابندی عائد کردی گئی۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں انتظامیہ نے دفعہ 144 کا نفاذ کردیا ہے، جس کے تحت اسلام آباد میں کسی بھی قسم کے جلسے اور جلوسوں پر مکمل پابندی ہوگی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ معاشرے کے بعض طبقات اسلام آباد کی حدود میں مجالس اور جلوسوں سمیت غیر قانونی مجالس منعقد کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں، موجودہ امن و امان (بقیہ نمبر 4 1)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، زنیرہ اظفر

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، تھانوں میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جائیں، ایس ایس پی انوسٹی گیشن۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، جس کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

لاہور: لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کے خلاف مقدمات اور انکوائریوں کی تفصیلات کی فراہمی کی

تاجروں، صنعتکاروں کے مسائل حل کیلئے خصوصی سیل کا قیام درست سمت قدم ہے، میاں خرم الیاس

لاہور (نیوز رپورٹر) صنعتکار رہنما چیئرمین ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن لاہور میاں خرم الیاس نے نگران وزیراعلیٰ پنجاب سے 25 اضلاع کے چیمبرز آف کامرس اور تاجر تنظیم کے نمائندہ وفد کی ملاقات اور وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی اسلام آباد سے ویڈیو لنک کے ذریعے 3 گھنٹے طویل ملاقات میں صنعتکاروں اور تاجر برادری کے صدور او رعہدیداروں کے مسائل ،تجاویز پر پنجاب میں تاجروں (بقیہ نمبر 4 3)

02 افراد کو قتل اور دیگر کو زخمی کرنے کے مقدمہ میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، جرخان پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) گوجرخان پولیس کی موثر کارروائی، 02 افراد کو قتل اور دیگر کو زخمی کرنے کے مقدمہ میں ملوث 02 ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 02 افراد کو قتل اور دیگر کو زخمی کرنے کے مقدمہ میں ملوث 02 ملزمان شاہ زیب اور احسان کو گرفتار کرلیا، ملزم شاہ زیب اور احسان نے لڑائی جھگڑے کی بناء پر اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ (بقیہ نمبر 4 4)

کوئٹہ میں پی ایس ایل میچ کے دوران سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر موبائل فون سروس معطل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں پی ایس ایل میچ کے دوران سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر موبائل فون سروس معطل کردی گئی۔ کوئٹہ میں پی ایس ایل میچ کے دوران موبائل فون سروس معطل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے